51/9/1590
27/06/2025

رایزنی فرهنگی سفارت جمهوری اسلامی ایران
دهلی نو
OFFICE OF CULTURAL COUNSELLOR
EMBASSY OF ISLAMIC REPUBLIC OF IRAN
NEW DELHI

محترمی و مکرم جناب مہتمم صاحب.....................

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

امید کہ بفضل تعالی آپ بخیر و عافیت ہوں گے۔

آپ کو یہ جان کر یقیناً روحانی مسرت ہوگی کہ سالہائے گذشتہ کی طرح امسال بھی خانہ فرہنگ اسلامی جمہوریہ ایران، نئی دہلی کے زیر اہتمام عوام الناس میں فن تجوید کی ترقی و ترویج کیلئے قرآن کریم کی صحیح تلاوت کا شوق پیدا کرنے اور نئی نسل کے اندر مسابقتی ذوق بیدار کرنے کی غرض سے مورخہ ۷ تا ۹/ ستمبر ۲۰۲۵ء پیغمبر عظیم الشان سرور کائنات خاتم الانبیاء حضرت محمد مصطفیٰ(ص) اور ان کے فرزند امام جعفر صادق(ع) کی ولادت باسعادت اور ہفتہ وحدت مسلمین کی مناسبت سے ۲۶ واں سہ روزہ **کل ہند مسابقہ حفظ و قرائت قرآن کریم** کا انعقاد کیا جارہا ہے جس میں بلا تفریق مسلک، پورے ملک سے بڑی تعداد میں حفاظ و قراء کرام شریک ہوں گے۔

لہٰذا آپ سے گزارش ہے کہ اپنے مدرسہ کے ممتاز حافظ و قاری کو منتخب فرما کر اپنی تصدیق کے ساتھ ہمارے ادارے کو ارسال فرمائیں جو آپ کے مدرسہ یا تنظیم کی نمائندگی کرسکیں۔ مسابقہ میں شرکت کے لئے تعلیمی اسناد کی فوٹو کاپی منسلک کرنا لازمی ہے۔ واضح رہے کہ مسابقہ میں دو فرع ہوں گے: (۱) حفظ قرآن بالتجوید (۲) ترتیل قرآن بالتجوید۔ ترتیل و تجوید کے فرع میں شرکت کے لئے باقاعدہ روایت حفص کے مطابق قاری ہونا ضروری ہوگا۔ دونوں فرع میں ۱۶ سے ۳۸ سال کے افراد شرکت کرسکتے ہیں۔ ایک طالب علم ایک ہی فرع میں درخواست دے سکتا ہے۔

تمام شرکت کنندگان کو مطلع کیا جاتا ہے کہ شرکت کنندگان کو ادارہ کی جانب سے بس یا ٹرین کے ٹکٹ (سلیپر) میں تعاون کیا جائے گا اور سہ روزہ قیام و طعام کا بندوبست ادارہ کی جانب سے رہے گا۔ فارم جمع کرنے کی آخری تاریخ **۳۰/جولائی ۲۰۲۵** ہے۔ فارم موصول ہونا منظوری کی دلیل نہیں ہے۔ منتخب حفاظ و قراء کو مقابلہ میں شرکت کی اطلاع بذریعہ ٹیلیفون دی جائے گی۔ فارم ہماری ویب سائٹ https://en.icro.ir/New-Delhi پر دستیاب ہے۔ فارم ادارہ کو ایمیل ichdelhi@gmail.com کرنے کے بعد فارم کی اصل کاپی پوسٹ کرنا نہ بھولیں۔

## مسابقہ تفسیر قرآن کریم

واضح رہے کہ تفسیر قرآن کریم کے حوالے سے مسابقہ میں سورہ فتح کی تفسیر کیلئے عصر حاضر کی مقبول تفسیر، "**تفسیر نمونہ**" کو انتخاب کیا گیا ہے جس کی pdf فائل اردو زبان میں مطالبہ کی صورت میں مہیا بھی کرائی جائے گی اور سوالات اسی تفسیر سے بنائیں جائیں گے۔ یہ مسابقہ ۲۸/جولائی ۲۰۲۵ء بروز پیر بوقت ۲-۳ بعد از ظہر آنلائن ہوگا۔ اس میں امتیازی نمبر حاصل کرنے والے تین حضرات کو ایران کلچر ہاؤس نئی دہلی میں منعقد ہونے والے ۲۶ویں سہ روزہ کل ہند مسابقہ حفظ و قرائت قرآن کریم کے آخری دن مورخہ ۹/ ستمبر ۲۰۲۵ء کو انعام سے نوازا جائے گا۔

شرکت کنندگان کی درخواست مع اسناد فوٹو کاپی ۲۱/جولائی ۲۰۲۵ء تک کلچر ہاؤس پہونچنا ضروری ہے۔ متعینہ مدت کے بعد کوئی درخواست قبول نہیں کی جائے گی۔

امتیازی نمبر حاصل کرنے والے افراد کو دعوت کی صورت میں ادارہ کی جانب سے بس یا ٹرین کے ٹکٹ (سلیپر) میں تعاون کیا جائے گا۔ قیام و طعام کا بندوبست ادارہ کی جانب سے رہے گا۔

امید ہے کہ آنجناب ہماری اس دعوت کو شرف قبولیت سے نوازیں گے اور خواہشمند طلاب و اساتذہ کو مسابقہ میں شرکت کے لئے روانہ فرمائیں گے۔ خداوند عالم سے دعا ہے کہ ہم سب کو قرآنی تعلیمات پر عمل کرنے کی توفیق عنایت فرمائے۔ آمین

منجانب

ایران کلچر ہاؤس، نئی دہلی

IRAN CULTURE HOUSE
18, TILAK MARG, NEW DELHI-110001
TEL: 0091-11-23383232 - 34 FAX:+ 23387547
ichdelhi@gmail.com https://en.icro.ir

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

خانہ فرہنگ اسلامی جمہوریہ ایران کے زیر اہتمام

# مسابقہ تفسیر قرآن کریم

## (سورہ فتح)

مورخہ: ۲۸/جولائی ۲۰۲۵ء


ایران کلچر ہاؤس ۱۸۔ تلک مارگ، نئی دہلی۔ ۱۱۰۰۰۱

فون نمبر: ۳۴، ۳۳، ۲۳۳۸۳۲۳۲۔ ۰۱۱

Email: ichdelhi@gmail.com


اسم گرامی: .................................... ولد: .................................... عمر: ....................

شغل: .................... تعلیمی لیاقت: .................... علوم عصریہ سے متعلق تفصیلات: ....................

اب تک کن کن مسابقات قرآنی میں شرکت کی ہے ان کی مختصر وضاحت: ....................................................

........................................................................................................................

قرآن کریم کے علاوہ کون سے علمی، ہنری اور فنی موضوعات میں آپ دلچسپی رکھتے ہیں؟: ....................................

........................................................................................................................

خط و کتابت کا موجودہ پتہ اردو میں: ..................................................................................

.................................................... رابطہ نمبر جس پر اطلاع دی جائے: ....................................

خط و کتابت کا موجودہ پتہ انگریزی میں: ...............................................................................

........................................................................................................................

موبائل نمبر: .................................... واٹسپ نمبر: ....................................

شرائط: مسابقہ میں شرکت کرنے والے کی عمر کم سے کم ۱۶ سال ہونی چاہئے، تعلیمی اسناد و آدھار کارڈ کی فوٹو کاپی منسلک کرنا لازمی ہیں۔ مسابقہ میں سورہ فتح کی تفسیر کیلئے عصر حاضر کی مقبول تفسیر، "تفسیر نمونہ" کو انتخاب کیا گیا ہے جس کی pdf فائل اردو زبان میں مطالبہ کی صورت میں مہیا کرائی جائے گی۔ تفسیر نمونہ ہی سے سوالات بنائیں جائیں گے۔ یہ مسابقہ ۲۸/جولائی ۲۰۲۵ء بروز پیر بوقت ۲-۳ بعد از ظہر آنلائن ہوگا۔ اس میں امتیازی نمبر حاصل کرنے والے تین حضرات کو ایران کلچر ہاؤس نئی دہلی میں منعقد ہونے والے ۲۶ویں سہ روزہ کل ہند مسابقہ حفظ و قرائت قرآن کریم کے آخری دن مورخہ ۹/ستمبر ۲۰۲۵ء کو انعام سے نوازا جائے گا۔

شرکت کنندگان کی درخواست مع اسناد فوٹو کاپی ۲۱/جولائی ۲۰۲۵ء تک کلچر ہاؤس پہونچنا ضروری ہے۔ متعینہ مدت کے بعد کوئی درخواست قبول نہیں کی جائے گی۔

امتیازی نمبر حاصل کرنے والے افراد کو دعوت کی صورت میں ادارہ کی جانب سے بس یا ٹرین کے ٹکٹ (سلیپر) میں تعاون کیا جائے گا۔ قیام و طعام کا بندوبست ادارہ کی جانب سے رہے گا۔

نوٹ: ۱- فارم کو اعلان شدہ تاریخ کے مطابق آفس کے ایمیل ichdelhi@gmail.com پر بھیجنا ضروری ہے اور پروگرام میں کسی کو ہمراہ لانے سے پرہیز کریں۔

۲- اس مسابقہ میں مذکورہ شرائط کے ساتھ خواتین بھی شرکت کر سکتی ہیں۔

**امیدوار کا نام:** .................................... **تصدیق کنندہ کا نام:** ....................................

**تاریخ:** .................................... **فون نمبر:** ....................................

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

خانہ فرہنگ اسلامی جمہوریہ ایران کے زیر اہتمام

**۲۶واں سہ روزہ کل ہند مسابقہ حفظ وقرائت قرآن کریم**

مورخہ: ۷تا۹ ستمبر ۲۰۲۵

پتہ: ایران کلچر ہاؤس، ۱۸۔ تلک مارگ، نئی دہلی۔۱۱۰۰۰۱

فون نمبر: ۳۴، ۳۳، ۰۱۱-۲۳۳۸۳۲۳۲

Email: ichdelhi@gmail.com https://en.icro.ir/New-Delh

اسم گرامی حافظ / قاری: .................................... ولد: .................................... عمر: ....................

شغل: .............................. تعلیمی لیاقت: .................... علوم عصریہ سے متعلق تفصیلات: ........................................

خط و کتابت کا موجودہ پتہ اردو میں: ..................................................................................

..........................................................................................................................

رابطہ نمبر جس پر اطلاع دی جاسکے: ..............................................................................

خط و کتابت کا موجودہ پتہ انگریزی میں: ..............................................................................

..........................................................................................................................

موبائل نمبر: .................................... واٹسپ نمبر: ....................................

شرائط: مسابقہ میں ۱۶ سے ۳۸ سال کی عمر والے افراد شرکت کر سکتے ہیں اور تعلیمی اسناد (یعنی حفظ یا تجوید کی سند) وآدھار کارڈ کی فوٹو کاپی منسلک کرنا لازمی ہیں۔شرکت کنندہ صرف ایک ہی زمرہ میں حصہ لے سکتا ہے۔ مسابقہ میں دو زمرے ہوں گے اور ہر زمرہ میں تین انعامات ہوں گے۔ کس زمرہ میں شرکت کرنی ہے نشان دہی کریں:

**۱۔مکمل حفظ قرآن بالتجوید حدراً** .............. **۲۔ترتیل قرآن بالتجوید** ....................

شرکت کنندگان کی درخواست و نمونہ قرائت کی ویڈیو مع اسناد فوٹو کاپی ۳۰/جولائی ۲۰۲۵ء تک ایران کلچر ہاؤس پہونچنا ضروری ہے۔ متعینہ مدت کے بعد کوئی درخواست قبول نہیں کی جائے گی۔ فارم کا موصول ہونا منظوری کی دلیل نہیں ہے، منتخب افراد کو بذریعہ فون اطلاع دی جائے گی۔ شرکت کنندگان کو ادارہ کی جانب سے بس یا ٹرین کے ٹکٹ (سلیپر) میں تعاون کیا جائے گا۔ شرکت کنندگان کے لئے سہ روزہ قیام و طعام کا بندوبست ادارہ کی جانب سے رہے گا۔ پروگرام میں کسی کو ہمراہ لانے سے پرہیز کریں۔

نوٹ: قرائت کے زمرہ میں شامل ہونے والے افراد کے لئے ایک دو منٹ کی ویڈیو کلپ ۳۰/جولائی ۲۰۲۵ء سے پہلے پہلے آفس کے ایمیل ichdelhi@gmail.com پر بھیجنا ضروری ہے۔ فارم کی اصلی کاپی مع فوٹو اس پتہ پر ضرور پوسٹ کریں: Iran Culture House,18Tilak Marg,New Delhi-110001

**امیدوار کا نام:** .................................... **تصدیق کنندہ کا نام:** ....................................

**تاریخ:** .................................... **فون نمبر:** ....................................

عہد نامہ: مندرجہ بالا معلومات میرے علم و یقین کے مطابق درست ہیں۔ میں .............................. یقین دلاتا ہوں کہ مسابقہ کے قواعد و ضوابط کی پابندی کروں گا اور تمام نشستوں میں حاضر رہوں گا نیز جج صاحبان کے ہر فیصلہ کو قطعی طور پر تسلیم کروں گا۔

{دفتری اندراجات کے لئے}

امیدوار کا نام: ............................ وضاحت اسناد و امتحان: ........................ حفظ: ...................... قرائت: ....................

موصول ہونے کی تاریخ: ....................

نوعیت امتحان: ۱۔عالی ۲۔بسیار خوب ۳۔خوب

شعبہ دارالقرآن

خانہ فرہنگ اسلامی جمہوریہ ایران، نئی دہلی